# 21457- آگ میں عورتیں مردوں سے زیادہ کیوں ہیں

## سوال

جہنم میں عورتوں کی تعداد مردوں کی تعداد سے زیادہ کیوں ہے ؟

## پسندیدہ جواب

نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ جہنم میں عورتوں کی اکثریت ہے ۔

عمران بن حصین بیان کرتے ہیں کہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(میں نے جنت میں جھانکا تو اس میں
اکثر لوگ فقراء تھے اور میں نے جہنم میں جھانکا تو اس میں اکثر عورتیں تھیں)

صحیح بخاری حدیث نمبر 3241 صحیح مسلم
حدیث نمبر 2737

اور اس کے سبب کے متعلق نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے پوچھا گیا تو آپ نے وہ بھی بیان فرمایا کہ :

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان
کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(مجھے آگ دکھائی گئی تو میں آج جیسا
خوفناک منظر کبھی نہیں دیکھا اور میں نے جہنم میں اکثریت عورتوں کی دیکھی ہے تو
صحابہ کہنے لگے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ کیوں ؟ تو نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا :

اپنے کفر کی وجہ سے تو آپ سے یہ کہا
گیا وہ اللہ تعالی کے ساتھ کفر کرتی ہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خاوند
اور احسان کی ناشکری کرتی ہیں اگر آپ ان میں سے کسی کے ساتھ زندگی بھر احسان کرتے

رہو تو پھر وہ آپ سے کوئی چیز دیکھ لے تو یہ کہتی ہے کہ میں نے ساری زندگی تم سے کوئی خیر ہی دیکھی ) صحیح بخاری حدیث نمبر 1052

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحی یا عید الفطر کے لئے عید گاہ کی طرف نکلے تو عورتوں کے پاس گزرے تو فرمانے لگے :

(اے عورتوں کی جماعت صدقہ وخیرات کیا کرو بیشک مجھے دکھایا گیا ہے کہ تمہاری جہنم میں اکثریت ہے تو وہ کہنے لگیں اے اللہ کے رسول وہ کیوں ؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم گالی گلوچ بہت زیادہ کرتی ہو اور خاوند کی نافرمانی کرتی ہو میں نے دین اور عقل میں ناقص تم سے زیادہ کوئی نہیں دیکھا تم میں سے کوئی ایک اچھے بھلے شخص کی عقل خراب کر دیتی ہے ۔

وہ کہنے لگیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تو ہمارا دین اور ہماری عقل میں نقص کیا ہے ؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : کیا عورت کی گواہی نصف مرد کے برابر نہیں تو وہ کہنے لگیں کیوں نہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو یہ اس کی عقل کا نقصان ہے کیا جب کسی کو حیض آئے تو وہ نماز اور روزہ نہیں چھوڑتی تو وہ کہنے لگیں کیوں نہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اس کے دین کا نقصان ہے )

صحیح بخاری حدیث نمبر 304

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عید کے دن نماز میں حاضر تھا تو آپ نے خطبہ سے قبل بغیر اذان اور اقامت کے نماز پڑھائی پھر نماز کے بعد بلال رضی اللہ عنہ پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے اور اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرنے کا حکم دیا اور اس کی اطاعت کرنے پر ابھارا اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کی پھر عورتوں کے پاس آئے اور انہیں وعظ و نصیحت کی اور کہنے لگے :

(اے عورتو! صدقہ وخیرات کیا کرو کیونکہ تمہاری اکثریت جہنم کا ایندھن ہے تو عورتوں کے درمیان سے ایک سیاہ نشان والے رخساروں والی عورت اٹھ کر کہنے لگی اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ کیوں ؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اس لئے کہ تم شکوہ اور شکایت بہت زیادہ کرتی

اورخاوندکی نافرمانی اورناشکری کرتی ہوجابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ
اپنے زیورات میں سے صدقہ کے لئے اپنی انگھوٹھیاں اوربالیاں بلال رضی اللہ عنہ کے
کپڑے میں ڈالنے لگیں) صحیح مسلم حدیث نمبر885

اس لیےان مسلمان بہنوں پرضروری ہے
کہ جواس حدیث کوجانتی ہیں کہ ان کے معاملات بھی ان صحابیات کی طرح ہونے ضروری ہیں
کہ جب ان کواس کا علم ہوا توانہوں نے خیر اوربھلائی کی جوکہ اللہ تعالی کے حکم
سے انہیں اس اکثریت سے دورلے جائے گی اوروہ جہنم میں داخلے سے بچ جائیں گی ۔

بہنوں کوہماری یہ نصیحت ہے کہ وہ
اسلام کے شعاراورفرائض پرعمل کریں اورخاص کرنمازپڑھیں اوران اشیاء سے دور
رہیں جوکہ اللہ تعالی نے حرام کی ہیں خاص کراس شرک سے جوکہ عورتوں کے اندرمختلف
صورتوں میں پھیلا ہوا ہے مثلا اللہ تعالی کے علاوہ دوسروں سے حاجات پوری کروانا
اورجادوگروں اورنجومیوں کے پاس جانا ۔

ہم اللہ تعالی سے دعاگوہیں کہ وہ
ہمیں اورہمارے سب بہن بھائیوں کوآگ سے دورکرے اورایسے قول وعمل کرنے کی توفیق
دے جواللہ تعالی کے قریب کریں ۔

واللہ اعلم

.